www.KitaboSunnat.com

خواجہ عبدالمنان راز

نعت
رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

آپ سے دنیا کی رعنائی آپ سے دنیا کی رنگینی
آپ تصوّر میں جب آئے خوشبو پھیلی بھینی بھینی

آپ امین صادق کہلائے حسنِ عمل کے پھول کھلائے
دھو گئی سب کے دل کی تلخی آپ کی باتوں کی شیرینی

دشمن جو بھی سامنے آیا دیکھ کے ان پہ ایماں لایا
عفو، تحمل، شانِ کریمی، حسنِ تکلّم، خندہ جبینی

آپ کا اسوہ حاصلِ قرآں آپ کا اسوہ حاصلِ ایماں
ہم پر بس تقلید ہے لازم کفر ہے ان پر نکتہ چینی

رحمت عالم، محسنِ اعظم، سرورِ عالم آپ کے دم سے
کٹ گئیں ظلم کی سب زنجیریں ختم ہوئی یکسر سنگینی

دنیا کا ہر فلسفہ جانچا پرکھا ہم نے ہر نظریہ
آپ کی ہر اک بات یقینی باقی سب کچھ غیر یقینی

شافعِ محشر کی امت کا زادِ سفر اے راز یہی ہے
خوفِ الٰہی، عشقِ محمد، حبِّ صحابہ، غیرتِ دینی

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ